# یہ جملہ بولنا کیسا کہ اللہ کی لاٹھی بے آواز ہے؟

دارالافتاء اهلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اللہ عزوجل کی لاٹھی بے آواز ہے، یہ جملہ کہنا کیسا؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اللہ کی لاٹھی بے آواز ہے، کہنا جائز ہے کیونکہ یہ ایک محاورہ و ضرب المثل ہے جس کا مقصود یہ ہے کہ اللہ تعالی ظالم کو ایسے طریقے سے سزا دیتا ہے جس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔

اللہ پاک وہاں سے پکڑ فرماتا ہے جہاں سے بندے کو گمان بھی نہ ہو۔ چنانچہ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے:

''ھُوَ الَّذِیْۤ اَخْرَجَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِیَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؔ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ یَّخْرُجُوْا وَ ظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَیْثُ لَمْ یَحْتَسِبُوْا ۗ وَ قَذَفَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ یُخْرِبُوْنَ بُیُوْتَهُمْ بِاَیْدِیْهِمْ وَ اَیْدِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا یٰۤاُولِی الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾''

ترجمہ کنزالایمان: وہی ہے جس نے ان کافر کتابیوں کو ان کے گھروں سے نکالا ان کے پہلے حشر کے لئے، تمہیں گمان نہ تھا کہ وہ نکلیں گے اور وہ سمجھتے تھے کہ ان کے قلعے انہیں اللہ سے بچالیں گے تو اللہ کا حکم ان کے پاس آیا جہاں سے ان کا گمان بھی نہ تھا اور اس نے ان کے دلوں میں رعب ڈالا کہ اپنے گھر ویران کرتے ہیں اپنے ہاتھوں اور مسلمانوں کے ہاتھوں تو عبرت لو اے نگاہ والو۔ (پارہ 28، سورۃ الحشر، آیت 2)

فیروز اللغات میں ہے: ''اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں، مَثَل، خدا اس طرح ظلم کی سزا دیتا ہے جس کا سان گمان بھی نہیں ہوتا۔'' (فیروز اللغات، صفحہ 118، فیروز سنز، لاہور)

اردو لغت میں ہے: ''اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں (ہوتی)، کہاوت، اللہ ظالم کو اس طرح سزا دیتا ہے کہ جس کا سان گمان بھی نہیں ہوتا، ظالم جب کسی ناگہانی مصیبت میں گرفتار ہو جاتا ہے تو مظلوم کہتا ہے، دیکھا نا اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں، آخر ظلم کی سزا ملی، امیر اللغات، 327/2'' (اردو لغت، جلد 1، صفحہ 798، ترقی اردو بورڈ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2173

**تاریخ اجراء:** 30جمادی الاولٰی1446ھ/03دسمبر2024ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net